09/02/2026

12.30 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر مینمسرست شاہ

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے مقبول پروگرام پریکشا پے چرچا میں ملک بھر کے طلباءسے خطاب کرتے ہوئے امتحانات کے دوران ذہنی دباؤ اور اضطراب سے نمٹنے کے موثر طریقوں پر روشنی ڈالی ۔وزیر اعظم نے طلباءکو مشورہ دیا کہ وہ چھوٹے سٹارٹ اپس کے ذریعے کاروباری سفر کا آغاز کریں اور عملی تجربہ حاصل کرنے کیلئے صنعتوں کے ماہرین سے رابطہ بڑھائیں۔انہوں نے کہا کہ تعلیم اور ذاتی شوق کو متضاد نہ سمجھا جائے دونونکومتوازن رکھنا ضروری ہے۔ وزیر اعظم نے شہری ذمہ داریوں پر زور دیتے ہوئے طلباءسے صفائی ، ٹریفک قوانین کی پابندی اور خوراک کے زیاں سے بچنے کی تلقین کی ۔وزیر اعظم نے کہاکہ مقامی مصنوعات کا استعمال اور ملک میں تقریبات کا انعقاد ترقی یافتہ بھارت کے ہدف کی جانب اہم قدم ہے۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا،جو شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ کے چیر مین بھی ہیں نے کل لوک بھون جموں میں شرائن بورڈ میٹنگ کی صدارت کی۔میٹنگ کے دوران ماتا ویشنو دیوی استھاپن کو ملک کا ایک عمدہ اور انتہائی متحرک استھاپن بنانے کے ساتھ ساتھ اس کے گرد نواح کے علاقے کومزید جاذب نظر بنانے کیلئے متعدد فیصلوں کوحتمی شکل دی گئی۔ استھاپن کی بدولت کٹرہ شہر کے عالمی نقشے پر آنے کے بعد بورڈ نے کٹرہ شہر کی بہتری کیلئے براہ راست رول ادا کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ لئے گئے فیصلوں کے مطابق کٹرہ کو صاف ستھرا ، متحرک اور مقامی باشندوں نیز یاتریوں کیلئے تمام تر جدید سہولیات دستیاب رکھی جائینگی۔اس کے علاوہ جموں خطے میں کھیلوں کو بڑھاوا دینے کے کام کی قیادت شرائن بورڈ کرے گا تاکہ جمونکشمیر کے نوجوانوں کو کھیل کود کے قومی مقابلوں کیلئے تیار کیا جا سکے۔ایک اور اہم پہل میں بورڈ نے خالی اسامیوں کو پُر کرنے کا فیصلہ کیاہے جس کیلئے بھرتی کا عمل عنقریب ہی شروع کیا جائے گا۔

میلہ دورہ

امورِ نوجوان و کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے کلا کیندرہ جموں میں منعقدہ سارس آجیویکا میلہ کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے دیہی خواتین کے سیلف ہیلپ گروپس کے کردار کو خواتین کی خود مختاری اور روزگار کے فروغ کے لیے نہایت اہم قرار دیا۔

وزیر موصوف نے مختلف اسٹالز کا معائنہ کیا جہاں ملک کی 18 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے آئی خواتین نے دستکاری، ہینڈلوم مصنوعات اور روایتی کھانوں کی نمائش کی۔ انہوں نے کہا کہ ایسے پلیٹ فارم خواتین کو منڈی تک رسائی فراہم کرکے انہیں خود کفیل بنانے میں مدد کرتے ہیں ۔میلے میں دو سو سے زائد دیہی خواتین ہنرمند شرکت کر رہی ہیں۔

ستیش شرما

کھیل کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ کھیل نوجوانوں میں نظم و ضبط، اعتماد اور حوصلہ پیدا کرتے ہیں اور ایک مضبوط و ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد رکھتے ہیں۔ وہ ایک نجی اسکول کے سالانہ اسپورٹس ڈے کے موقعے پر اظہار خیال کر رہے تھے۔انہوں نے کہا کہ اسپورٹس ڈے جیسے پروگرام نصابی تعلیم کے ساتھ ہمہ جہت شخصیت سازی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کھیلوں میں دلچسپی رکھنے والے نوجوانوں کو باصلاحیت کھلاڑی بنانے کیلئے حکومت کی تمام تر انتظامات کئے جانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

ڈوڈہ

ضلع ڈوڈہ کے سیاحتی مقام لال درامن میں ضلع انتظامیہ ڈوڈہ نے محکمہ سیاحت، اور بھارتی فوج کے اشتراک سے ونٹر میگا فیسٹیول 2026کا کامیاب انعقاد کیا۔ ڈپٹی کمشنر ہروِندر سنگھ کی رہنمائی میں منعقد اس میلے میں مقامی لوگوں اور سیاحوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔تقریب کا آغاز روایتی انداز میں کیا گیا۔ میلے میں مختلف سرکاری محکموں اور مقامی لوگوں نے اسٹال لگائے تھے جبکہ مقامی فنکاروں نے رنگارنگ ثقافتی پروگرام پیش کئے ۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر مینساج سے رشوت خوری کی بدعت کا خاتمہ کرنے اور جموں کشمیر ACBراشی عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔ ACBکے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے ایک پیغام کہا ہے کہ کوئی بھی شکایت کنندہ کو ، واٹس اپ یا سترک ناگرک ایپ کے ذریعے درج Email بدعنوانی سے متعلق اپنی شکایت کراسکتا ہے۔

-----S.K Pathak----

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....

....

....